Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 12 | منگل، 8 مارچ 2022ء، 4 شعبان المعظم 1443ھ، 23 چاگن 2078ب، قیمت 20 روپے | شمارہ 312

دنیا پر عالمی جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں، اپوزیشن انتشار پھیلا رہی ہے، وزیر داخلہ

کہہ رہے ہیں امپائر غیر جانبدار ہے، جب آپ ہاریں گے تو آپ کہیں گے تھرڈ امپائر نے ہرا دیا ہے، عمران خان کی تحریک اٹھیمان کی ہوگی،، اگر اپوزیشن نے ایک بھی غلطی کی تو جھاڑو پھر جائیگی

عمران خان نے دنیا کی سامراجی قوتوں کو پیغام دیا ہے، ہماری سرزمین اب کسی ڈرون حملے کیلئے استعمال نہیں ہوگی، پٹاور حملے میں 6 ملزمان ملوث تھے، ہم ملزمان تک پہنچ چکے ہیں، شیخ رشید

اوآئی سی کے سمرٹ ہیڈ خان دسالہ پریشن ایڈوانوسٹمنٹ سروے 2021ء کے بارے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ دنیا پر عالمی جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں، اپوزیشن انتشار پھیلا رہی ہے، کہہ رہے ہیں امپائر غیر جانبدار ہے، جب آپ ہاریں گے تو آپ کہیں گے تھرڈ امپائر نے ہرا دیا ہے، انشاءاللہ عدم اعتماد ناکام ہوگی اور عمران خان کی تحریک اٹھیمان کی ہوگی، اگر اپوزیشن نے ایک بھی گیم کھیلی کی تو جھاڑو پھر جائیگی، آپ کی سیاست اس شاہراہ دستور (بقیہ نمبر 3)

پی ٹی آئی چھوڑنے والوں کی سیاست ختم ہو جائیگی، شفقت محمود

لوٹ مار کے پیسوں سے ہارس ٹریڈنگ کی جاری، پارٹیاں تبدیل کرنا کوئی سیاست نہیں

گوجرانوالہ (اے ایف پی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی چھوڑنے والوں کی سیاست ختم ہو جائیگی، گوجرانوالہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شفقت محمود نے کہا کہ لوٹ مار کے پیسوں سے ہارس ٹریڈنگ کی جاری ہے، پارٹیاں تبدیل کرنا کوئی سیاست نہیں، اپوزیشن تحریک عدم اعتماد کا شوق پورا کر لے، ملک سے بھاگنے والا اپنی جائیدادوں کے بارے میں بھی نہیں بتا سکا، اپوزیشن کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں (بقیہ نمبر 4)

7 دن کی بچی کو سنگدل باپ نے گولی مار کر قتل کر دیا

پیدائش عناد بچی پیدا ہونے کا رنج تھا، بچی کو پوشمارٹم کرنے کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا

داؤد خیل (این این آئی) 7 دن کی بچی کو سنگدل باپ نے پسل سے فائر کر کے بے دردی سے قتل کر دیا۔ پیدائش عناد بچی پیدا ہونے کا رنج تھا، بچی کو پوشمارٹم کرنے کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ہونے کا رنج تھا تفصیلات کے مطابق داودخیل محلہ شریف ٹیل نمبر 2 نزد اسکندر آباد کالونی کے رہائشی (بقیہ نمبر 1)

سابق صدر جسٹس (ر) رفیق تارڑ انتقال کر گئے

رفیق تارڑ 17 جنوری 1991 سے یکم نومبر 1994 تک سپریم کورٹ کے جج بھی رہے

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سابق صدر محمد رفیق تارڑ علالت کے بعد 92 برس کی عمر میں انتقال کر گئے، وہ طویل عمر سے علیل تھے۔ ان کی پیدائش منڈی بہاالدین میں ہوئی تھی، انہوں نے 1951 میں پنجاب لا (بقیہ نمبر 2)

مسلسل تیسری بار وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی

وزیراعظم نے موجودہ سیاسی حالات اور اپوزیشن کی تحریک عدم اعتماد کے باعث وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے مسلسل تیسری بار وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی کر دیا۔ وزیراعظم عمران خان نے (آج) منگل 8 مارچ کو وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کرنی تھی تاہم ذرائع نے (بقیہ نمبر 5)

پورے برصغیر میں سب سے سستا پیٹرول ہم دے رہے ہیں، وزیراعظم

شکر ہے ٹیکس کلیکشن بڑھتی جا رہی ہے

جیسے جیسے ٹیکس مزید بڑھے گا تو نچلے طبقے کو مزید سہولیات دیں گے، دنیا بھر میں مہنگائی کی لہر آگئی ہے، احساس راشن رعایت پروگرام اس لیے لانچ کر رہے ہیں

احساس رعایت راشن اسکیم کے تحت 2 کروڑ خاندانوں کو 30 فیصد ماہانہ رعایت دی جائے گی، خواتین کے تعلیم یافتہ اور بااختیار ہونے تک ملک ترقی نہیں کرسکتا، عمران خان کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ اللہ کا شکر ہے ٹیکس کلیکشن بڑھتی جا رہی ہے، ہم بیرول پر 10 روپے کموٹ دینے کے قابل ہوئے، سارے برصغیر میں سب سے سستا پیٹرول ہم دے رہے ہیں، جیسے جیسے ٹیکس بڑھے گا تو نچلے طبقے کو مزید سہولیات دیں گے، دنیا بھر میں مہنگائی کی لہر آگئی ہے، احساس راشن رعایت پروگرام اس لیے لانچ کر رہے ہیں، احساس رعایت راشن اسکیم کے تحت 2 کروڑ خاندانوں (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد، نیکٹر قومی اسمبلی اسد قیصر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب بھر کی جیلوں میں قیدیوں کی شناخت لازمی کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کی جیلوں میں موجود اور آنے والے قیدیوں کی شناخت لازمی کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق تجویز پیش کی گئی ہے کہ پولیس جیلوں میں قیدیوں کو بھگانے سے پہلے (بقیہ نمبر 7)

صنعتی یونٹس سے زیرو ریٹیڈ سیلز ٹیکس ریکوری کیلئے دائر اپیل خارج

جسٹس ساجد محمود سیٹھی اور جسٹس عاصم حفیظ پر مشتمل بنچ نے اہم قانونی نقطے کو رد کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ایف بی آر کی صنعتی یونٹس سے زیرو ریٹیڈ سیلز ٹیکس ریکوری کیلئے دائر اپیل خارج کر دی۔ جسٹس محمد ساجد محمود سیٹھی اور جسٹس عاصم حفیظ پر مشتمل بنچ نے اہم قانونی نقطہ طے کر دیا۔ 2 رکنی بنچ نے کمشنر ان لینڈ ریونیو کا ریفرنس مسترد کرنے کا تحریری فیصلہ جاری کیا۔ درخواستگزار کی جانب سے محمد حسن وڑک ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 6)

اپوزیشن چند دنوں میں پتلی گلی سے بھاگے گی، شہباز گل

اتحادی ہمارے ساتھ کھڑے ہیں، پارٹی نے طے کیا کہ ایسی حکمت عملی بنائی جائے کہ اپوزیشن واپس نہ جائے

وزیراعظم نے ممکنہ میں تاریخی جلسہ کیا، اتحادی ہمارے ساتھ کھڑے ہیں، نمبرز پورے ہیں، معاون خصوصی برائے رابطہ

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی رابطہ شہباز گل نے کہا ہے کہ اپوزیشن کے لیے بھاگنے کے راستے بند ہو چکے ہیں۔ انہوں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ اتحادی ہمارے ساتھ کھڑے ہیں، پارٹی نے طے کیا کہ ایسی حکمت عملی بنائی جائے کہ اپوزیشن واپس نہ جائے۔ انہوں نے کہا کہ قوم مقصود چپڑاسی کے اکاؤنٹ میں پیسے ڈالنے والوں کیخلاف (بقیہ نمبر 10)

سوہاوی وزیر یاور عباس بخاری پانڈ ڈیبیر لیپریشن فرنٹ کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کو مصنوعی مہنگائی سے مستقل نجات دلائینگے، وزیراعلیٰ

رمضان بازاروں کے ذریعے عوام کو مہنگائی سے نجات دلائیں گے، رمضان بازاروں میں زرعی فیئر پرائس شاپس لگائی جائیں گی

زرعی فیئر پرائس شاپس پر پھل اور سبزیاں ارزاں نرخوں پر صارفین کو دستیاب ہوں گی، وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار نے کہا ہے کہ رمضان بازاروں کے ذریعے عوام کو مصنوعی مہنگائی سے مستقل نجات دلائیں گے۔ اپنے ایک بیان میں عثمان بزدار نے کہا کہ حکومت گذشتہ برسوں کی طرح اس بار بھی اربوں روپے کا رمضان پیکیج دے گی جس کے ذریعے عام آدمی کو ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں رمضان بازار لگائے جائیں گے، آٹے (بقیہ نمبر 9)

بلاول زرداری اپنی ناکامی کو چھپا کر اسلام آباد تک لجانا چاہتے ہیں، مسرت جمشید چیمہ

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن قائمہ کمیٹی داخلہ و تحریک انصاف پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کے تمام مسائل چھپانے کے باوجود بلاول زرداری کی کراچی سے روانہ ہونے والی ریلی سوائے ناکامی کے کچھ حاصل نہیں کر سکی، ناصر باغ کے باہر سندھ سے آئے ہوئے کارکنان حق نظر آئے (بقیہ نمبر 8)

محکمہ جنگلی حیات اپنی ہاتھوں سے شکاری مافیاز سے برسرپیکار

نایاب چنکارہ ہرنوں اور کارمورنٹس کے تین غیر قانونی شکاری گرفتار

لاہور (این این آئی) وزیر جنگلی حیات وہاب پردیسی پنجاب عبدصمام علی بخاری اور سیکرٹری جنگلات جنگلی حیات وہاب زمان کی خصوصی ہدایت پر (بقیہ نمبر 26)

والد کے ہاتھوں قتل ہونے والی 7 دن کی بچی کے قتل کی مذمت

ہمارے ملک میں خواتین کے حقوق کے تحفظ کی ضرورت ہے، نیلوفر بختیار

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن نیشنل کمیشن برائے وقار نسواں نیلوفر بختیار نے میانوالی کھیش میانوالی شہر میں ایک باپ کے ہاتھوں 7 دن کی نومولود بچی کو اس بے (بقیہ نمبر 27)

احساس پروگرام کی کامیابی کے تین سال مکمل

احساس رعایت راشن سکیم کے تحت 9.2 ملین خاندانوں کو مرحلہ وار رجسٹریشن کی جاری ہے، سینیٹر ڈاکٹر ثانیہ نشتر

وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے اشتراک سے 106 ارب روپے کی ٹارگٹڈ سبسڈی فراہم کی جائے گی، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ اور احساس پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا ہے کہ احساس رعایت راشن سکیم کے تحت 9.2 ملین خاندانوں کو مرحلہ وار رجسٹریشن کی جاری ہے جنہیں آٹا، وائیس اور خوردنی تیل و گھی پر ٹارگٹڈ سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے، احساس پروگرام کامیابی سے تین سال مکمل کر چکا ہے، احساس (بقیہ نمبر 20)

تحریک انصاف پنجاب کے صدر شفقت محمود سیکرٹری اطلاعات مسرت جمشید سے گفتگو کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی ویڈیو لنک کے ذریعے سینیٹ رکنیت کا حلف لینے کی درخواست پر اعتراض عائد

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اسحاق ڈار کی ویڈیو لنک کے ذریعے سینیٹ کی رکنیت کا حلف لینے کی اعتراضی درخواست سماعت کے لیے منظور جواد خان کو بھجوا دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے (بقیہ نمبر 13)

خواتین حجاب پہننا چاہتی ہیں یا نہیں یہ ان کا اپنا انتخاب ہے، مالہ آسکوفرڈ میں کالج میں میری ایک تصویر دنیا بھر میں شہ سرخیوں میں آئی، انٹرویو

لندن (این این آئی) دنیا کی اہم ترین ایوارڈ فنڈیل انعام حاصل کرنے والی مالہ یوسف ترکی نے کہا ہے کہ خواتین حجاب پہننا چاہتی ہیں یا برقع اتارنا چاہتی ہیں (بقیہ نمبر 11)

گجرات، چیئرمین سینیٹر پارٹی بلاول بھٹو زرداری عوامی مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

اساتذہ و ملازمین کو ڈسپیریٹی الاؤنس دینے کی نئی پالیسی نافذ

ڈسپیریٹی الاؤنس کو یونیورسٹیوں کے پاس دستیاب فنڈز کے ساتھ مشروط کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) سرکاری یونیورسٹیوں کے اساتذہ و ملازمین کو ڈسپیریٹی الاؤنس دینے کی نئی پالیسی نافذ کر دی گئی، ڈسپیریٹی الاؤنس کو یونیورسٹیوں کے پاس دستیاب فنڈز کے ساتھ مشروط کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق یونیورسٹیوں کو یکم جون (بقیہ نمبر 2)

تحریک عدم اعتماد پر بلاول نے خود عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے، اسد عمر

اپوزیشن اپنے ارکان کی بھی گنتی کرے، ایسا نہ ہو تحریک عدم اعتماد والے دن اپوزیشن کے ارکان حکومت کو ووٹ دے دیں

وزیراعظم عمران خان رمضان المبارک سے پہلے کنٹمپر، حافظ آباد، کرم، لوئر دیر اور ماشکوہ میں بھی جلسے کریں گے،، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات اسد عمر نے کہا ہے کہ تحریک عدم اعتماد پر بلاول بھٹو نے خود عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے، انہیں خود یقین ہے کہ تحریک عدم اعتماد کامیاب ہو گی یا نہیں، اتحادی جماعتوں نے کل تک حکومت کی حمایت کی ہے، اپوزیشن والے ہمارے ارکان کی گنتی کر رہے ہیں، اپنے ارکان کی بھی گنتی کرتے رہیں، ایسا نہ ہو تحریک اعتماد والے دن (بقیہ نمبر 14)

اشیاء ضروریہ کی قیمتیں آسمان پر پہنچ چکی ہیں، شیخ قیصر

پیرا ٹیول ایڈجسٹمنٹ کی آڑ میں پہلی مزید مہنگائی کر دیا ہے سمجھ سے بالاتر ہے

چنیوٹ (ڈسٹرک رپورٹر) پاکستان کے نامور تاجر و صنعتکار سیاسی سماجی کارکن شیخ قیصر محمود چنیوٹی المعروف جانیاں والے نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 21)

چوہنگ میں ماں بیٹی سے رکشہ میں زیادتی کیس میں اہم پیشرفت

انسداد دہشت گردی عدالت نے کیس کو سیشن عدالت فضل کرنے کی درخواست خارج کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے چوہنگ میں ماں بیٹی سے رکشہ میں زیادتی کیس میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، انسداد دہشت گردی عدالت نے (بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد آئی جی اسلام آباد محسن یونس عملی پکچری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

40 ہزار کے بانڈز کی قرعہ اندازی 10 مارچ کو ہوگی

200 والے 15 مارچ کو ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) 40 ہزار روپے مالیت کے پریمیم بیوائز بانڈ کی قرعہ اندازی 10 مارچ جبکہ 200 روپے والے بانڈز کی قرعہ اندازی 15 مارچ کو ہوگی 40 ہزار مالیت کے بانڈز کا پہلا انعام 8 (بقیہ نمبر 8)

عائشہ احد کے بھائی یوسف احد کے خلاف نیب ریفرنس میں اہم پیشرفت

متاثرین کو پلازہ میں دکانوں کی رجسٹریاں کروا کر دینے کو تیار ہیں

لاہور (این این آئی) عائشہ احد کے بھائی یوسف احد کے خلاف نیب ریفرنس میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، احد ٹاور گلبہ چوک کے متاثرین کو دکانوں کے مالکانہ حقوق دیئے جائیں گے احد ملک نے اعتراف کیا ہے، شرط ہے کہ ایڈوکیٹ کمیٹی کو ایک سائپ مسکن پکا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان اور حنان بزدار (بقیہ نمبر 17)

پاکستان کی گوشت کی صنعت تقریباً 4.9 ملین ٹن پر محیط ہے، رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) 1970 کی دہائی سے آج تک پاکستان کی گوشت کی صنعت میں 4.86 فیصد کی اوسط نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں گوشت کی صنعت معیشت کا ایک متحرک شعبہ ہے جس نے 1900 کی دہائی سے (بقیہ نمبر 16)

جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ بھی فراڈ اور صوبے کا نعرہ بھی فراڈ ہے

جنوبی پنجاب صوبہ بھی ایک کروڑ کرپشن اور پچاس لاکھوں کی طرح لالی پاپ نکلا ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ بھی فراڈ اور صوبے کا نعرہ بھی فراڈ ہے، جنوبی پنجاب صوبہ بھی ایک کروڑ ٹوکریوں اور پچاس لاکھوں کی طرح لالی پاپ نکلا ہے، شرط ہے کہ ایڈوکیٹ کمیٹی کو ایک سائپ مسکن پکا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان اور حنان بزدار (بقیہ نمبر 17)

چیئرمین سینیٹ رضا ربانی کے برادر کیس کنٹرول سینیٹر اعجاز احمد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

سرگودھا، مقدمہ میں گواہی دینے سے انکار پر تین افراد کا سابق ملازم پر تشدد

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں مقدمہ میں گواہی دینے سے انکار پر تین افراد نے سابق ملازم کو پیس بھایں رکھ کر رسیوں سے بنڈر کر تشدد کا نشانہ بنا ڈالا اور بیک چوری کا جھوٹا الزام عائد کر کے مقدمہ درج کروا دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر (بقیہ نمبر 4)

صدر، وزیراعظم، آرمی چیف کا سابق صدر رفیق تارڑ کے انتقال پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی اور آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے سابق صدر رفیق تارڑ کے انتقال پر افسوس اور دکھ کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے (بقیہ نمبر 23)

خواتین کی معاشی ترقی اولین ترجیح ہے، اسد قیصر

ملک کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لئے صنفی مساوات ناگزیر ہے، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ ملک کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے صنفی مساوات ناگزیر ہے، خواتین کی معاشی ترقی اولین ترجیح ہے، آرٹیکل 25 کے مطابق خواتین کو تمام شعبہ ہائے زندگی میں برابر نمائندگی دینا ضروری (بقیہ نمبر 5)

عورت مارچ کو سکیورٹی نہ دینے کی درخواست مسترد

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عورت مارچ کو سکیورٹی نہ دینے کے خلاف درخواست ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے مسترد کر دی۔ ہائیکورٹ نے جسٹس وحید نے عورت مارچ کو سکیورٹی نہ دینے کے خلاف نجبت سعید کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے کہا کہ 8 مارچ کو عورت مارچ ہے، لیکن (بقیہ نمبر 9)

دلی مبارکباد

میڈم ثمن رائے صاحبہ

کو

ڈی جی پی آر پنجاب

تعینات ہونے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

WUOJ — PAKISTAN

ABC عوام کی بے ساختہ للکار — روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی — عوامی للکار

ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم — روزنامہ عوامی للکار — مرکزی صدر (ورلڈ یونین آف جرنلسٹس)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
بانی: کامریڈ عبدالرشید شہید
وابستہ پاکستان فیڈریشن آف جرنلسٹس

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

فیٹف گرے لسٹ

ایف اے ٹی ایف کے یکم سے چار مارچ تک ہونے والے اجلاس میں پاکستان کو اگلے جائزہ اجلاس تک گرے لسٹ میں برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پیرس میں منعقدہ اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ پاکستان نے فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کی 27 میں سے 26 شرائط کو پورا کر دیا ہے۔ پاکستان کی اس کارکردگی کو سراہا گیا اس کے باوجود اسے گرے لسٹ میں رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں اس بات کو تسلیم کیا گیا کہ پاکستان میں دہشت گردی کے خلاف قانون سازی کی گئی تاہم پولیس کی تفتیش میں فقدان کے باعث عدالتوں سے مجرموں کو سزائیں نہیں سنائی جا سکیں۔ اجلاس کے بعد فیٹف اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاکستان نے 2018 کے ایکشن پلان کے 27 میں سے 26 نکات پر عمل کیا ہے، اس کے بعد دیئے جانے والے دوسرے ایکشن پلان کے 5 میں 4 نکات پر عمل کیا جا چکا ہے۔ گرے لسٹ سے نکلنے کے لیے پاکستان کو دونوں ایکشن پلان کے تمام نکات پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔ اعلامیہ کے مطابق ایف اے ٹی ایف کا اگلا اجلاس جون میں ہوگا۔ عالمی و علاقائی سیاست وسفارت میں جاری تغیر وتبدل کو دیکھا جائے تو ایف اے ٹی ایف کی جانب سے پاکستان کو گرے لسٹ میں برقرار رکھنے کا فیصلہ غیر متوقع ہرگز نہیں ہے۔ پاکستان نے ماضی قریب سے خارجہ ترجیحات میں جو تبدیلیاں کی ہیں، اسی طرح افغان معاملے پر اگست 2021ء سے جاری صورتحال بہر حال ایسے حقائق ہیں کہ جن کی بنیاد پر فیٹف کے ذمہ داران بلکہ اجارہ داران خوش نہیں ہیں۔ دیکھا جا رہا ہے کہ امریکا اور اس کے اتحادی مغربی ممالک کے ساتھ پاکستان چین سے تعلقات میں مزید وسعت اور گہرائی لا رہا ہے۔ تمام تر دباؤ، ترغیبات کے باوجود چین سے معاشی، تزویراتی، تجارتی، دفاعی اور سیاسی وسفارتی شراکت داری پر کوئی سمجھوتا کرنے کو تیار نہیں ہے۔ سی پیک اور روڈ اینڈ بیلٹ منصوبوں کی تعمیر ووسعت کے معاملے پر پوری توانائی کیساتھ کھڑا ہے۔ اس سے بھی آگے بڑھ کر پاکستان نے یوکرائن تنازع کی شدت کے باوجود نہ صرف روس کے ساتھ قریبی روابط کا آغاز کیا بلکہ اس مقصد کے لیے وزیر اعظم عمران خان نے روس کا خصوصی دورہ بھی کیا ہے۔ اسی طرح افغانستان کے معاملے پر ایران سے مشاورت اور ایران وسعودی عرب کے درمیان موجود سفارتی و سیاسی غلط فہمیوں میں کمی کے لیے مثبت کردار کی ادائیگی بھی ایف اے ٹی ایف کو چلانے والے امریکی دوستوں کے لیے کسی صورت پسندیدہ عمل نہیں ہے۔ اس لیے 27 میں سے 26 اور 5 میں سے 4 نکات پر مکمل عملدرآمد کے باوجود حاتم طائی کی قبر پر لات مارتے ہوئے پاکستان کو گرے لسٹ میں برقرار رکھنے کا احسان کیا گیا ہے۔ ورنہ اگر غیر جانبدار پالیسی کے اعلان پر خدانخواستہ بلیک لسٹ کی سزا بھی سنا دی

عورت مارچ لیکن کیوں

تحریر: صادق انور میاں
sadiqanwar69@gmail.com

ہمارا معاشرہ کن خواتین زیادہ تر احتجاج پر ہوتی ہیں۔ اور وہ احتجاج کیوں کرتی ہے۔ کیوں وہ باہر نکل کر احتجاج پر مجبور ہوتی ہے۔ وہ کتنی ہے کہ ہمیں ہمارے حقوق نہیں مل رہے۔ اور وہ حقوق کے کیتے ہیں۔ مردوں کی طرح آزادانہ طور زندگی گزارنا۔ کیوں کتنی ہے کیونکہ وہ اسلامی طور طریقوں سے بے خبر ہے۔ وہ تو چلے غیر مسلم طور تس ہیں۔ ان کو پوچھنے کی ہے۔ کہ عورت کے حقوق کیا ہے۔ اور عورت کو کیسی زندگی گزارنی ہے۔ اب میں بات کروں گا پاکستانی عورتوں کی جنہیں ہمیں اپنے آزادانہ طور زندگی گزارنا۔ کیوں کتنی ہے کیونکہ وہ اسلامی طور طریقوں سے بے خبر ہے۔ وہ تو چلے غیر مسلم طور تس ہیں۔ ان کو پوچھنے کی ہے۔ کہ عورت کے حقوق کیا ہے۔ اور عورت کو کیسی زندگی گزارنی ہے۔ اب میں بات کروں گا پاکستانی عورتوں کی۔ پاکستان الحمدللہ ایک اسلامی ملک ہے۔ اسلامی قانون اور کمل طور تہیں ہے مکمل طور پر اگر اس پر کمل نہیں کیا جا رہا لیکن ہے تو اسلامی ملک۔ اب میں بات کروں گا ہوں 8 مارچ کا یعنی عورت مارچ۔ 8 مارچ کو سڑکوں پہ نکلنے والی عورتیں یا حیاء، شریف گھرانے کی عورتیں نہیں ہے۔ بلکہ مغرب کی تیار کردہ بے ضمیر گروہ ہے۔ میں ہی پاکستانی عورتوں سے یہ پوچھتا ہوں کہ برائے مہربانی کوئی لبرل عورت مجھے بتائے کہ وہ کونسے حقوق ہیں جو اسلام نے آپ کو نہ دیئے زیادتی کی ہو؟

سڑکوں پر بے شرمی و بے حیائی کا مظاہرہ کرنے والی عورتوں کو کہوں گا کہ کیا آپ نے اسلام سے پہلے کی عورت کی تاریخ پڑھی ہے۔ کیا آپ جانتی ہیں کہ اسلام نے کیسی بندہ، بیساکی اور یہودی آپ کو نہ صرف "منحوس" سمجھتے تھے بلکہ "بیٹی" پیدا ہوتے ہی آپ کو زندہ دفن کر دیتے تھے۔ آپ کو نہ جائیداد میں حق ملتا تھا۔ اسلام نے آپ کو عزت دی، اسلام نے آپ کو آزادی دی، اسلام نے آپ کو منحوس نہیں کیا، اسلام نے آپ کو زندہ دفنانے سے منع کیا اسلام نے آپ کو گھر کی ملکہ بنایا اسلام نے آپ کے ذمہ اموں تلے جنت رکھ دیا اسلام نے آپ کو جائیداد میں بھی حقوق دلوائے اسلام نے آپ کو ہر روپ میں عزت بخشی اسلام نے آپ کو چادر چار دیواری کا تحفظ فراہم کیا۔

اسلامی تعلیمات کے زیر سایہ عورت اسلامی معاشرے میں پوری عزت وتکریم کے ساتھ زندگی گزارتی ہے۔ اور یہ عزت وتکریم ہم اسے اس دنیا میں قدم رکھنے سے لیکر زندگی کے تمام حالات سے گزرتے ہوئے حاصل رہتی ہے۔ اسلام نے عورت کے بچپن کی بڑی رعایت کی ہے اور اس کے حقوق کا تحفظ کیا ہے اور اس پر احسان حسن سلوک کا حکم فرمایا ہے۔

اسلام نے عورت کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی ہے اور اسلا مقام ومرتبہ بیان کیا ہے۔ اسے سر بلند کیا ہے، عالی مقام دیا ہے اور اسکی قدر ومنزلت بڑھائی ہے۔ عورت کا اسلام میں بلند بالا مقام ہے۔ اسے ایک قابل احترام مخلوق کا درجہ دیا گیا ہے۔ ایک حقوق متعین کیے گئے ہیں۔ اور اسکے فرائض وواجبات طے کیے گئے ہیں۔

اسلام میں عورت کو مرد کی ہم جنس ہم نسل قرار دیا ہے کہ وہ دونوں ایک ہی اصل سے پیدا کیے گئے ہیں جا کہ وہ دونوں اس دنیا میں ایک دوسرے سے انس ومحبت پائیں اور خیر وصلاح کے ساتھ سعادت وخوشی سے سرفراز ہوں۔

ڈاکٹر نذائے حق

پروفیسر عبدالشکور شاہ
0321-4756436
prof.abdulshakoorshah@gmail.com

سوشل میڈیا کا کردار اور پیکا ایکٹ

ملک ہے جہاں سب سے زیادہ 3.8% افراد سوشل میڈیا استعمال کرتے ہیں۔ ڈاکٹر نذائے حق کا جائزہ 11.5 سوشل میڈیا استعمال کیا جاتا ہے۔ دنیا بھر میں فعل 40% افراد سوشل میڈیا کو استعمال کرتے ہیں۔ امریکہ میں کام کے دوران سوشل میڈیا کا استعمال صرف 27% ہے جبکہ انڈونیشیا میں کام کے دوران سب سے زیادہ 65% سوشل میڈیا استعمال کیا جاتا ہے۔ اسرائیل وہ واحد ملک ہے جہاں کام کے اوقات کار کے دوران سب سے کم 13% سوشل میڈیا استعمال کی جاتا ہے۔ انڈیا 7 % بنگلہ دیش 30 % ، امریکہ 27% آسٹریلیا 30% کے تناسب سے کام کے اوقات کار میں سوشل میڈیا کا استعمال کرتے ہیں۔ منٹ کے تناسب سے 5 4 % جبکہ 46% خواتین سوشل میڈیا استعمال کرتی ہیں۔ سوشل میڈیا کے 8 مختلف پلیٹ فارمز پر متحرک استعمال کنندگان میں مردوں کی تعداد خواتین کی نسبت زیادہ ہے۔ فیسبک اور انسٹاگرام پر زیادہ خواتین متحرک نظر آتی ہیں۔ 2019-20 کے دوران سوشل میڈیا استعمال کرنے والوں میں ایک انقلاب برپا ہوا ہے۔ عرصے کے دوران صرف انڈیا میں 130 ملین نئے سوشل میڈیا استعمال کنندگان کا اضافہ دیکھنے کو ملا جو کہ ان کی کل آبادی کا 9.6% بنتا ہے۔ چین 5 ملین کے ساتھ دوسرے، انڈونیشیا 2 ملین کے ساتھ تیسرے اور برازیل 11 ملین کے ساتھ چوتھے نمبر پر رہا۔ جبکہ امریکہ 1 ملین نئے سوشل میڈیا صارفین، امریکہ 6.9 ملین نئے صارفین کے ساتھ چھٹے نمبر پر رہا۔ حیران کن بات یہ ہے کہ دنیا کی کل آبادی کی صرف 13 ملین انٹرنیٹ استعمال کنندگان کی تعداد میں 2019-20 میں چین انڈیا میں سوشل میڈیا صارفین میں پہلے تناسب اضافہ ہوا ہاں یورپ میں اس میں خاطر خواہ کمی دیکھنے کو ملی۔ یورپ میں نئے صارفین کا تناسب 4.9% کم ہوا جبکہ ایشیاء میں سوشل میڈیا صارفین کی شرح میں نمبر پر رہا۔ حیران کن بات یہ ہے کہ دنیا کی کل آبادی میں ایشیاء میں سوشل میڈیا صارفین میں پہلے تناسب اضافہ ہوا ہاں یورپ میں اس میں خاطر خواہ کمی دیکھنے کو ملی۔ یورپ میں نئے صارفین کا تناسب 4.9% کم ہوا جبکہ ایشیاء میں سوشل میڈیا صارفین کی شرح میں 6 . 9 % 1.8% اضافہ ہوا جبکہ افریقہ 13.92% نئے صارفین کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا۔ سوشل میڈیا کے مندرجہ بالا اہمیت وافادیت کے باوجود ہم کو اس حقیقت کو نہ بھولنا چاہیے کہ اس دنیا کے کورٹ میں بیٹھی کہا جاتا ہے۔ یہ ایک دراصل سوشل میڈیا کو کنٹرول کرنے کی آڑ میں اظہار رائے پر ایک کاری وار ہے۔ یہ بھی اٹل حقیقت ہے کہ سوشل میڈیا پر ابلاغ کیا جانے والا زیادہ تر مواد غیر صحافتی افراد کی طرف سے کیا جاتا ہے۔ پاکستان میں فیسبک صارفین کی تعداد میں کل آبادی کا 15.15 % افراد پر مشتمل ہے۔ یہ کل آبادی کا تقریباً تیئس فیصد بنتا ہے جبکہ پاکستان میں انٹرنیٹ صارفین کی تعداد میں 92.05% فیسبک جبکہ 3.64% ٹیلر صارفین موجود ہیں۔ پاکستان میں 76.38% انٹرنیٹ صارفین اور 37 ملین سوشل میڈیا صارفین موجود ہیں۔ سوشل میڈیا کے آغاز کا 15.15% افراد پر مشتمل ہے۔ پاکستان میں فیسبک

لقیہ 1

لعل اللہ خان ولد سیف اللہ خان قوم عطاول خان جسکی بیٹی میانوالی کے رہائشی شاذ ب نیب خان ولد امان اللہ خان کے ساتھ بھاگ کر شادی کی ہے جسکا مہر بھی مقرر تھی تھی۔ ذرائع ۔ کے کہنا ہے کہ لڑکا دو سال سات روز قبل جنت بی بی بیٹی کو اغوا کر کے لے گیا ہے اور اس کے ساتھ شادی کر لی ہے۔ دیانتی معلوم ہوئی ہے کہ لڑکی کے باپ کو رنج تھا کہ لڑکا کسی اور لڑکی کو بھگا کر لے گیا ہے جس کی وجہ سے

شہباز شریف لوٹ مار کے کیسز میں جلد گرفت میں آنیوالے ہیں

حسان خاور

واضح ہوجائے گا کہ کون جنوبی پنجاب کی عوام کیساتھ مخلص ہے اور کون دھوکہ دیتا رہا

جنوبی پنجاب صوبہ آئینی قرارداد پر دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوجائے گا، ترجمان حکومت پنجاب حسان خاور

لاہور (آئی آئی پی) معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب و ترجمان حکومت پنجاب حسان خاور نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب کی عوام کو اس کا حق نہ دے سکی ہے۔ اسے ایک بہانہ چاہیے جس میں انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب صوبہ آئینی قرارداد پر دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوجائے گا۔ واضح ہوجائے گا کہ کون جنوبی پنجاب کی عوام کیساتھ مخلص ہے اور کون دھوکہ دیتا رہا۔ حسان خاور نے کہا کہ کابینہ کا کوئی مرحلہ ہے۔ اسے ایک بہانہ چاہیے جس میں انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب صوبہ آئینی قرارداد پر دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوجائے گا۔ واضح ہوجائے گا کہ کون جنوبی پنجاب کی عوام کیساتھ مخلص ہے اور کون دھوکہ دیتا رہا۔ حسان خاور کا کہنا تھا کہ پیپلز مرحلہ ہے۔ اسے ایک بہانہ چاہیے جس میں انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب کا بیٹ رنگ فیسٹک ہے سرف

آوارہ کتوں کے غول نے حملہ کرکے تین سالہ بچی شدید زخمی

شہر کے گنجان آباد علاقے بستی ٹبی میں شہزاد نجومچہ کی تین سالہ بیٹی گمرے سے باہر نکلی

مظفر گڑھ (عمر عرفان سے) خان گڑھ شہر میں آوارہ کتوں کے غول نے حملہ کرکے تین سالہ بچی کو شدید زخمی کردیا، شہر کے گنجان آباد علاقے بستی ٹبی میں شہزاد نجومچہ کی تین سالہ بیٹی گمرے سے باہر نکلی تو اس کو آوارہ کتوں کو نے گھیر لیا اور حملہ کرکے اس کو زخمی کردیا، چیخ کی چیخ و پکار پر ہمسائی لوگوں نے اس کی جان بچائی، بچی کو رومل ہسپتال خان گڑھ علاقے کے لیے بھجوایا۔ جسے دیکھیں بھی لگا دی گئی ہے، جبکہ سوسائٹی فورم خان گڑھ کے عہدے داران اور حدود شہری محاذ نے ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ اور ایڈمنسٹریٹر بلدیہ خان گڑھ سے آوارہ کتوں کو تلف کرنے کی کاغذی سطح کی بجائے عملی طور پر خصوصی مہم چلانے کی اپیل کی ہے۔

صدر مملکت عارف علوی ایک مثال پرخواتین سے بات چیت کر رہے ہیں

قرآن لاریب کلام اور شفاء والی کلام ہے

قرآن مکمل ضابطہ حیات اور دستور ہے قرآن کا دیکھنا۔ پڑھنا، مفتی زین العابدین

مظفر گڑھ (عمر عرفان سے) قرآن لاریب کلام اور شفاء والی کلام ہے ان خیالات کا اظہار مفتی زین العابدین نے جامعہ اسلامیہ تحفیظ القرآن دستوریاں میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اور کہا کہ قرآن مکمل ضابطہ حیات اور دستور ہے قرآن کا دیکھنا ۔ پڑھنا کارثواب ہے اور قرآن سے تمسک افراد دنیا بھر کے بہترین افراد ہیں اس موقع پر سید عطی سلطان کے امام قاری عبدالوحید، مولانا محمد اشفاق جتوئی و دیگر علماء موجود تھے قبل ازیں مولانا خالد محمود ضیاء نے جامعہ اسلامیہ تحفیظ القرآن کے طلبہ کا سالانہ امتحان لیا جس میں تمام طلبہ نے خوبصورت انداز میں قرآن کریم سنایا اور مولانا خالد محمود ضیاء نے (بقیہ نمبر 35)

لاہور چیمبر کے صدر میاں نعمان کبیر شاہد جاوید برکی یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں، نائب صدر حارث متین و دیگر بھی موجود ہیں

سعودی عرب آنے والوں کیلئے پی سی آر ٹیسٹ اور قرنطینہ کی شرط ختم

امور صحت کے نگران اداروں کی جانب سے جاری سفارشات کی روشنی میں متعدد احتیاطی تدابیر میں نرمی کی جارہی ہے

حرمین شریفین اور تمام مساجد میں نماز باجماعت کے لیے سماجی فاصلے کی پابندی ختم کردی گئی ہے تاہم ماسک کے استعمال کی شرط بدستور عائد رہے گی

فیصل آباد (طاہر محبوب) کورونا کیس اور ویکسی کے حوالے سے پابندیوں میں نرمی کی گئی ہے سعودی وزارت داخلہ نے کورونا وائرس کے حوالے سے احتیاطی تدابیر میں نرمی کرتے ہوئے حرمین شریفین اور دیگر مساجد میں سماجی فاصلے کی پابندی ختم کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ سعودی خبررساں ادارے ایس پی اے کے مطابق سنیچر کی شب وزارت داخلہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ کورونا (بقیہ نمبر 36)

حضرت امام حسینؑ کا یوم ولادت عقیدت و احترام کیساتھ منایا گیا

کالعدم گروپوں کو گلال ڈالے بغیر دہشتگردی کا جڑ سے خاتمہ محال ہے، حضرت امام حسینؑ نے تحفظ رسالت کیلئے انمول قربانی پیش کی۔ علامہ قدر زیدی

ہفتہ ولائے محمدؐ و آل محمدؐ کے سلسلہ میں 4 شعبان کو شہنشاہ و فاحضرت غازی عباس علمدار کا یوم ولادت منایا جائیگا

راولپنڈی (اے ایف پی) قائد ملت جعفریہ حسینؑ کا یوم ولادت پر و رسوماتِ و ایمانی آئمہ جعفریہ علامہ شاہ محمد موسوی کے اعلان کے مطابق راولپنڈی ریجن میں بھی سید الشہداء حضرت امام عقیدت کیساتھ منایا گیا ساجد امام رکاوٹوں میں حائل میلاد منعقد ہوئیں اور چراغاں کیا گیا۔ میں موقع پر اسلام و پاکستان کیلئے ہر کس کی قربانی کے عزم کا اعادہ کیا گیا بیجنگ منگل 4 شعبان کو تقریبی ہاشم ، حضرت غازی عباس (بقیہ نمبر 48)

ٹیکسلا کی عوام دہشت گردی کے واقعہ کی مذمت کرتی ہے

انجمن وعدت المسلمین کے زیر اہتمام ہونے والے احتجاجی مظاہرے میں وسیم حیدر علی شاہ کی شرکت

ٹیکسلا (عرفان سے) سابق امیدوار قومی اسمبلی سید وسیم حیدر علی شاہ رہنما پاکستان پیپلز پارٹی کی ٹیکسلا چوک میں اسلامی تحریک پاکستان اور انجمن وعدت المسلمین کے زیر اہتمام ہونے والے حمایت مظلومین احتجاجی مظاہرے میں شرکت ٹیکسلا کی عوام نے بڑی تعداد میں ہوئے والی دہشت گردی کے واقعہ کی پرزور مذمت کی گئی اور اہل علاقہ کا کہنا تھا کہ اس واقعے کے ذمہ داران کو فوری گرفتار کرنا مطالبہ کیا۔

حسان خاور کا سابق صدر پاکستان رفیق تارڑ کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب حسان خاور نے سابق صدر پاکستان رفیق تارڑ کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ رفیق تارڑ کا بطور صدر مملکت پاکستان میں کیا گیا سب سے اہم کردار رہا ہے۔ رفیق تارڑ کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ رفیق تارڑ کی پاکستان کیلئے خدمات کو بھلایا نہیں جاسکتا۔

آئی ایچ سی میں 11 اسسٹنٹ پروفیسرز کی بھرتی کیلئے انٹرویو 9 مارچ سے شروع

لاہور (آئی آئی پی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ اسپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے انسٹیٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کے مختلف شعبوں میں گیارہ اسسٹنٹ پروفیسرز بھرتی کرنے کی منظوری دے دی۔ یہ بات ڈین آئی ایچ سی پروفیسر ڈاکٹر زرفشاں طاہر نے بتائی۔ انہوں نے کہا کہ ایلیٹ پاک بنیادوں پر کریڈ 18 میں اسسٹنٹ پروفیسر کی تقرری کیلئے انٹرویو نومبر اور گیارہ مارچ) بدھ، جمعرات، جمعہ (کو آئی ایچ سی میں منعقد ہوں گے۔ اسسٹنٹ پروفیسر کی گیارہ سیٹوں کیلئے 171 امیدواروں نے درخواستیں جمع کروائی ہیں۔ ڈاکٹر زرفشاں کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق تقرریاں خالص میرٹ اور اہلیت کی بنیاد پر ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ صحت عامہ کی بہتری اور اداروں کو مضبوط کرنے میں وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے ذاتی دلچسپی لی ہے جس کیلئے وزیر صحت کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ گیارہ اسسٹنٹ پروفیسر کی تقرری سے انسٹیٹیوٹ کی فیکلٹی مضبوط ہوگی، طبی سرگرمیوں میں مزید اضافہ ہوگا۔

مختلف ممالک کو کی جانے والی پاکستانی برآمدات میں ریکارڈ اضافہ

ترکی، یوایاے، اٹلی، اسپین، جرمنی اور امریکا کو پاکستانی برآمدات میں اضافہ ہوا ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) سٹیمر برائے تجارت عبدالرزاق داؤد کا کہنا ہے کہ مختلف ممالک کو کی جانے والی پاکستانی برآمدات میں 157 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مشیر برائے تجارت عبدالرزاق داؤد کا کہنا ہے کہ ترکی، متحدہ عرب امارات، اٹلی، اسپین، جرمنی اور امریکا کو پاکستانی برآمدات میں اضافہ ہوا ہے۔ رمضانیہ، بنگلہ دیش اور پولینڈ کو بھی برآمدات میں اضافہ ہوا ہے۔ مشیر تجارت کا کہنا تھا کہ ترکی کو ایک سال (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم عمران خان احساس پروگرام کے تحت مستحقین میں چیک تقسیم کررہے ہیں

سربراہ پاک فضائیہ کا سابق صدر اور سپریم کورٹ کے جج محمد رفیق تارڑ کی وفات پر اظہار تعزیت



اسلام آباد (سپورٹ رپورٹ) سربراہ پاک فضائیہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے پاکستان کے سابق صدر اور سپریم کورٹ کے جج جناب محمد رفیق تارڑ کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ ائیر چیف نے اپنے تعزیتی پیغام میں مرحوم کے اہل خانہ و لواحقین کے غمخاران کو یہ دکھ برداشت سے برداشت کرنے کی توفیق دی دعا کی۔

اپوزیشن کو تحریک عدم اعتماد میں ناکامی ہوگی، شبلی فراز

تحریک عدم اعتماد کا ناکام ہونے کے بعد اپوزیشن بخلاف قانونی گیمز اور سازشیں کیا جائیگا

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کے کسی کے کوئی ذاتی مفادات نہیں ہیں جس کے لیے وہ قومی مفاد پر سمجھوتہ کریں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شبلی فراز نے کہا کہ سنتا ہوں اور عالمی طور پر لگ کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی سازش کی جارہی ہے اور اس غیر یقینی کی صورتحال سے ملک کو نقصان پہنچے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپوزیشن تحریک عدم اعتماد لائے گی تو یہ ناکام ہوجائیں گے کیونکہ عمران خان کے کوئی ذاتی مفادات نہیں جس کے لیے وہ سمجھوتہ کریں (بقیہ نمبر 44)

بارہ کہو فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز کی رکن محترمہ زاہدہ اصغر کے اس چیلنج کو اکبر شاہد خاصخیلی کی یاد میں منعقد ہونے والی تقریب میں پذیرائی کی گئی

آئندہ چند روز میں تحریک عدم اعتماد جمع کرائی جائے گی، اکرم درانی

اختلاف کے لیے زیادہ نمبر جمع کیے ہیں۔ عمران کا کام ختم ہوگیا اب اس کے پاس کام کرنے نہیں

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اکرم خان درانی نے کہا ہے کہ موجودہ گلی حالات تکلیف دہ ہیں، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی سر اٹھا رہی ہے، آئندہ چند روز میں عدم اعتماد کی تحریک جمع ہو جائے گی۔ خیبر پختونخوا اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اکرم خان درانی نے اسمبلی چیمبر میں پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ اختلاف کے لیے زیادہ نمبر جمع کیے ہیں۔ عمران کا کام ختم ہوگیا اب اس کے پاس کام کا وقت نہیں ۔ اس وقت ہم ایک ووٹ پر نہیں آئیں گے، پیپلز پارٹی کو ساتھ سازشی قوتیں جانے، اب نہیں اطمینان ہے، انٹلیکچوئل نیوٹرل ہونی چاہئے، تمام صحافیوں اب بھی کہہ رہی ہیں کہ (بقیہ نمبر 45)

خواتین کے عالمی دن کے موقع پر مختلف شعبوں میں خدمات سرانجام دینے والی خواتین کا گروپ

آزاد کشمیر سے کرپشن کا مکمل خاتمہ چاہتے ہیں، بیرسٹر سلطان محمود

میرپور میں کچھ امپورٹڈ لوگوں نے کرپشن کی دوکانیں کھول رکھی ہیں

میرپور (آئی آئی پی) صدر ریاست آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر سے کرپشن کا مکمل خاتمہ چاہتے ہیں۔ میرپور میں کچھ امپورٹڈ لوگوں نے کرپشن کی دوکانیں کھول رکھی ہیں جنہیں کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ میں اس سلسلے میں حکومت اور متعلقہ اداروں کو آگاہ کر چکا ہوں۔ کرپشن میرے لیے زہر قاتل ہے میں نے اپنی وزارت کے دور میں کرپشن کے خاتمے اور شفاف احتساب کے لیے احتساب ایکٹ بنایا تھا مگر بعد کی حکومتوں نے اس کی شفافیت کو ختم کر دیا۔ میں اپنے دورے (بقیہ نمبر 46)

عمران خان کی بدکلامی بوکھلاہٹ کا ثبوت ہے، شازیہ مری

بلاول بھٹو عوام کی تکلیفوں کی بات کرتے اور کچی پکی وزیراعظم صرف گالیاں دیتے ہیں

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سنٹرل انفارمیشن سیکرٹری شازیہ مری نے کہا ہے کہ عمران خان کی تقریر سے یہ واضح ہوگیا ہے کہ سلیکٹڈ وزیراعظم گھبرا چکے ہیں۔ شازیہ مری نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ عمران خان کی بدکلامی اور بدتمیزی ان کی بوکھلاہٹ کا ثبوت دے رہی ہے، وزیراعظم کا کام گالیاں دینا نہیں، لوگوں کی خدمت کرنا (بقیہ نمبر 47)

ایڈیٹر انچیف ۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

لاہور میں لاکھوں کا لاکر توڑ کر 2 چینی شہریوں کیلئے پی آئی اے کے مزید 2 ایئر ٹکٹ

پروازیں چلانے کا لائسنس مل گیا

اسلام آباد (اے ایف پی) چائنیز سول ایوی ایشن نے قومی ایئر لائن کو مزید دو چینی شہریوں کے لیے پروازیں چلانے کا لائسنس جاری کردیا۔ پی آئی اے بیجنگ اور شیان شنگھائی کے لیے پروازیں آپریٹ کریں گی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ پی آئی اے بیجنگ اور شیان شنگھائی کے لیے پروازیں آپریٹ کرے گی، چارٹر اور کارگو پروازیں دونوں ممالک کے درمیان تجارتی سرگرمیوں کو بڑھانے میں معاون ثابت ہوگی۔ چائنا ایئر لائن کے بعد (بقیہ نمبر 40)

16 سالہ دلت لڑکی کی عصمت دری کی اور زہر کھانے پر مجبور

میرٹھ (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش کے ایک اسکول میں ایک 16 سالہ دلت لڑکی کی اس کے سینئر طالب علم نے عصمت دری کی اور زہر کھانے پر مجبور کیا جس سے لڑکی کی موت ہوگئی۔ خبر میڈیا سروس کے مطابق لڑکی کلاس سے لاپتہ ہوگئی تھی اور ریاست کے علاقے سہارنپور میں ایک زرعی کھیت میں بے ہوشی کی حالت میں پائی گئی تھی۔ اعلیٰ خانہ نے اسے ہسپتال پہنچایا جہاں بدھ کو دم توڑ گئی۔ سہارنپور کے ایس پی (سٹی) راجیش کمار نے صحافیوں کو بتایا کہ ہم نے ملزم کے خلاف عصمت (بقیہ نمبر 2)

مصطفوی سٹوڈنٹس موومنٹ واہ کینٹ کی تنظیم سازی

ایک زبان، ایک نصاب سے ایک پاکستان بنے گا۔ احمجی الدین

راولپنڈی (اے ایف پی) مصطفوی سٹوڈنٹس موومنٹ واہ کینٹ کی تنظیم سازی کا اجلاس گزشتہ روز مصطفی صدر احمجی الدین کی صدارت میں واہ کینٹ میں منعقد ہوا جس میں علاقہ بھر کے تعلیمی اداروں سے ایم ایس ایم کے کارکنان شریک ہوئے۔ اجلاس میں بھرپور مشاورت اور گفتگو میں رائے سے محمد عدیل صدر اور شیل آباد (طاہر محبوب) کورونا کیس اور ویکسی کے حوالے سے پابندیوں میں نرمی کی گئی ہے سعودی وزارت داخلہ نے کورونا وائرس کے حوالے سے پابندیوں میں نرمی کرتے ہوئے حرمین شریفین اور دیگر مساجد میں سماجی فاصلے کی پابندی ختم کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ سعودی

باران زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں شجرکاری مہم کا آغاز

جنگلات کی کٹائی کی وجہ سے درجہ حرارت میں دن بہ دن اضافہ ہورہا ہے

راولپنڈی (اے ایف پی) بیورجنرل شاہ محمد شاہ باران زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہر الزمان نے کہا ہے کہ جنگلات کے کٹائی کی وجہ سے ماحولیاتی آلودگی اور درجہ حرارت میں دن بہ دن اضافہ ہو رہا ہے اور پاکستان کا شمار دنیا کے خطرناک موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے سرفہرست ممالک میں ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آب و ہوا کی تبدیلی اور گلوبل وارمنگ کے خطرے سے نمٹنے کے لیے درخت لگانا اور ان کی حفاظت ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے ان خیالات کا (بقیہ نمبر 38)

متاعی پارک میں مالی پھلوں کی کیاری کو پانی لگا رہا ہے

عورتوں کو بااختیار بنانا ہمارا مقصد ہے، وفاقی وزیر امین الحق

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں آل سائنس کانفرنس 2.0 کا انعقاد

کراچی (آئی آئی پی) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی اور انجمن انٹرنیشنل ایکیڈمی کے مشترکہ تعاون سے آل سائنس کانفرنس 2.0 کا انعقاد آڈیٹوریم الامین کیا گیا جس میں وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی امین الحق صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ، ڈائریکٹر اطلاعات اور خالد امین الحق نے کانفرنس خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے عوام کے ہاتھ میں موبائل دیکھنا چاہتا ہوں، یہ ہمارا مرین تھا، ٹائرسٹمال فی نسبت بہتر ٹارگٹ رہا، ہم اپنے ٹارگٹ کو حاصل (بقیہ نمبر 39)

دو تھانوں کے ایس ایچ او ائن حاضر اور 5 تھانوں کے تقرر و تبادلے

مکاتیہ (این این آئی) سی پی او لاہور مشتاق سکھیرا نے پانچ کارکردگی پر دو تھانوں کے ایس ایچ او لائن حاضر اور 5 تھانوں میں ایس ایچ او اسپیکٹر جنرل پولیس سے رپورٹ طلب کرلی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ایس ایچ او لائن حاضر کردیا گیا۔ انچارج شوٹ خرابی کے خطرے سے نمٹنے کے لیے درخت لگانا اور ان کی حفاظت ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے ان خیالات کا (بقیہ نمبر 38)

کٹھ پتلی سے ٹکرائیں گے اور بھڑ کائیں گے بلاول

پی ٹی آئی کی حکومت میں کسانوں کا معاشی قتل ہو رہا ہے کسان خوشحال ہو گئے تو ملک خوشحال ہوگا

حکومت مخالف مارچ میں ہر شہر و قصبہ سے لوگوں کی بھرپور شرکت عوام کا پیپلز پارٹی کے منشور پر اعتماد ہے، خطاب

اوکاڑہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ کرونا کے بعد کسانوں کے دیوالیہ کیے گئے کھرب شوگر مافیا کو کرپٹ عدم اعتماد کا سہارا بنانے کے لیے بھرپور کوشش کی جارہی ہے۔ حکومت مخالف مارچ میں ہر شہر و قصبہ سے لوگوں کی بھرپور شرکت عوام کا پیپلز پارٹی کے منشور و لیڈر اور مکان پر بھروسہ، اعتماد ہے اسلام آباد پہنچنے تک لاکھوں افراد اس مارچ میں شامل ہو جائیں گے لانگ مارچ اسلام آباد پہنچنے (بقیہ نمبر 54)

سانحہ پشاور کو بھلایا نہیں جاسکتا، نیشنل ایکشن پلان سراب ہے،

علامہ سجاد نقوی

راولپنڈی (اے ایف پی) قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی کہتے ہیں کہ سانحہ پشاور کو بھلایا نہیں جاسکتا سانحوں کی لڑی کے بعد یہ بڑا سانحہ ہے اور جوی سفاکیت ہے، نیشنل ایکشن پلان سراب ہے، سانحہ پشاور کو فیٹ کیس کے طور پر لیا جائے، کسی بنی باتوں یا بہانات کے بجائے سانحہ کے تمام محرکات کو جائزہ لیا جائے۔ شہداء کے ورثاء کو اعتماد میں لیا جائے اس امر کی تحقیقات کی جائیں کہ سفاکوں کو استعمال کرنے والے کون ہیں اور انہیں فنڈنگ کہاں سے ہوئی تھی؟ انکو روکنے و تمام معلومات کو شہداء کے ورثا و زمہ داران کو اعتماد میں لیا جائے۔

کم لاگت اور سستے گھروں کی تعمیر کیلئے قرضہ جات کی فراہمی

بینکوں کی کارکردگی کا جامع انداز میں جائزہ لیا جارہا ہے، ہنوکت ترین

اسلام آباد (آئی آئی پی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات شوکت ترین نے کہا ہے کہ شہریوں کی سہولت کیلئے کم لاگت اور سستے گھروں کی تعمیر کیلئے قرضہ جات کی فراہمی کے حوالہ سے بینکوں کی کارکردگی کا جامع انداز میں جائزہ لیا جارہا ہے، قرضوں کی فراہمی میں آسانی کیلئے شفاف انداز میں مطلوبہ اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے یہ (بقیہ نمبر 5)

سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر علیم عادل شیخ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سکول کا لجز کے بچے بڑھ چڑھ کر شجرکاری مہم میں حصہ لیں

صوبائی وزیر اصغر مجید خان نے پودا لگا کر شجرکاری مہم کا باضابطہ افتتاح کیا

سرگودھا (آئی آئی پی) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت اصغر مجید خان نے گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین سلیہ منڈی گرداوٹ میں موسم بہار کی جاری شجرکاری مہم کے سلسلہ میں پودا لگا کر شجرکاری مہم کا باضابطہ افتتاح کردیا۔ تقریب میں ڈائریکٹر کالجز چوہدری سرفراز بھر بمبر کنٹونمنٹ بورڈ ڈویژن حیدر اور پرنسپل سمیت دیگر اساتذہ اور طالبات بھی موجود تھیں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر اصغر مجید خان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم کے 10 بلین ٹری سونامی پروگرام کے تحت پنجاب بھر میں موسم (بقیہ نمبر 56)

خواتین ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کررہی ہیں، صدر مملکت

معاشرہ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ خواتین کی مختلف شعبوں میں شراکت داری یقینی بنانے کیلئے محفوظ ماحول فراہم کریں

سابق صدر مملکت جسٹس (ر) رفیق تارڑ کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

اسلام آباد (اے پی پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے خواتین کو بااختیار بنانے کو معاشی ترقی میں اہم کردار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ معاشرہ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ان کی مختلف شعبوں میں شراکت داری یقینی بنانے کیلئے محفوظ ماحول فراہم کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو ''آج عصمتی سادات کل پاکیزہ تر'' کے موضوع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس تقریب کا اہتمام (بقیہ نمبر 52)

وزیراعلیٰ عثمان بزدار کا سابق صدر پاکستان رفیق تارڑ کے انتقال پر اظہار تعزیت

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار نے سابق صدر پاکستان رفیق تارڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے اپنے تعزیتی پیغام میں لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی روح کو جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین صبر جمیل عطا فرمائے۔

پولیس گردی کا ایک اور واقعہ، روٹی دیر سے لانے پر ہوٹل عملے پر تشدد

کراچی: (اے ایف پی) پولیس اہلکاروں نے روٹی دیر سے لانے پر ہوٹل عملے کو تشدد کا نشانہ بنایا اور توڑ پھوڑ کی جبکہ پولیس کی ہوائی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے کورنگی میں پولیس گردی کا ایک اور واقعہ سامنے آیا، پولیس اہلکاروں نے روٹی دیر سے لانے پر ہوٹل عملے کو تشدد کا نشانہ بنایا اور توڑ پھوڑ بھی کی۔ جھگڑے کے دوران پولیس کی جانب سے ہوائی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا، پولیس فائرنگ کی فوٹیج منظر عام پر آگئی ہے، جس میں پولیس اہلکاروں کو فائرنگ کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ واقعے کے بعد ہوٹل مالک نے پولیس اہلکاروں بخلاف تھانے میں درخواست جمع کروادی، پولیس فائرنگ کا واقعہ گزشتہ رات پیش آیا تھا۔

دی ایس سکول سسٹم راولپنڈی میں سالانہ تقسیم انعامات کے موقع پر پیشن ہولڈر طلبہ کا گروپ فوٹو

آئین و قانون کی حکمرانی حکومت کی اولین ترجیح ہے

حکومت سیاسی نہیں ملکی اور قومی مفادات کو سامنے رکھ کر فیصلے کررہی ہے، گورنر پنجاب

لاہور (آئی آئی پی) گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ آئین و قانون کی حکمرانی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ حکومت سیاسی نہیں ملکی اور قومی مفادات کو سامنے رکھ کر فیصلے کررہی ہے۔ پرامن انصاف کی فراہمی کیلئے بنیادی اصلاحات ضروری ہیں جس کے لیے وفاقی حکومت کام کررہی ہے۔ ملک میں جمہوریت اور پارلیمنٹ سمیت تمام اداروں کو مضبوط بنایا جارہا ہے۔ عوام کو صحت اور تعلیم سمیت بنیادی سہولتوں کی فراہمی پر بھی موجودہ حکومت بھرپور اقدامات کررہی ہے۔ پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے پنجاب آبپاک اتھارٹی کے 1500 زائد منصوبے بھی مکمل ہو رہے ہیں ۔ وہ سوموار کے روز کچہ انصاف کے ایم پی اے سعید احمد سعدی سے ملاقات، حبیب الرحمٰن سائنس کالج کی افتتاحی تقریب اور تانبہ پوالہ پارلیسوی انجمن کی تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے تھے۔ اس (بقیہ نمبر 53)

کھٹ پتلی سے ٹکرائیں گے اور بھڑ کائیں گے بلاول

پی ٹی آئی کی حکومت میں کسانوں کا معاشی قتل ہو رہا ہے کسان خوشحال ہو گئے تو ملک خوشحال ہوگا

حکومت مخالف مارچ میں ہر شہر و قصبہ سے لوگوں کی بھرپور شرکت عوام کا پیپلز پارٹی کے منشور پر اعتماد ہے، خطاب

اوکاڑہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ کرونا کے بعد کسانوں کے دیوالیہ کیے گئے کھرب شوگر مافیا کو کرپٹ عدم اعتماد کا سہارا بنانے کے لیے بھرپور کوشش کی جارہی ہے۔ حکومت مخالف مارچ میں ہر شہر و قصبہ سے لوگوں کی بھرپور شرکت عوام کا پیپلز پارٹی کے منشور و لیڈر اور مکان پر بھروسہ، اعتماد ہے اسلام آباد پہنچنے تک لاکھوں افراد اس مارچ میں شامل ہو جائیں گے لانگ مارچ اسلام آباد پہنچنے (بقیہ نمبر 54)

کم لاگت اور سستے گھروں کی تعمیر کیلئے قرضہ جات کی فراہمی

بینکوں کی کارکردگی کا جامع انداز میں جائزہ لیا جارہا ہے، ہنوکت ترین

اسلام آباد (آئی آئی پی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات شوکت ترین نے کہا ہے کہ شہریوں کی سہولت کیلئے کم لاگت اور سستے گھروں کی تعمیر کیلئے قرضہ جات کی فراہمی کے حوالہ سے بینکوں کی کارکردگی کا جامع انداز میں جائزہ لیا جارہا ہے، قرضوں کی فراہمی میں آسانی کیلئے شفاف انداز میں مطلوبہ اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے یہ (بقیہ نمبر 5)

سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر علیم عادل شیخ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں